میں نے سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کو بعد کسی شخص کو نہیں دیکھا جس کے متعلق نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہو کہ میرے ماں باپ تجھ پر فدا ہوں میں نے آپ ﷺ کو یہ کہتے ہوئے سنا: تیرمارنا جاری رکھ، میرے ماں باپ تجھ پر فدا ہوں

علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کو بعد کسی شخص کو نہیں دیکھا، جس کے متعلق نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہو کہ میرے ماں باپ تجھ پر فدا ہوں میں نے آپ ﷺ کو یہ کہتے ہوئے سنا: تیر مارنا جاری رکھ، میرے ماں باپ تجھ پر فدا ہوں
[صحیح] [متفق علیہ]

علی رضی اللہ عنہ بتا رہے ہیں کہ انھوں نے نبی ﷺ کو نہیں دیکھا کہ آپ نے سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے بعد کسی کے لیے یہ کہا ہو کہ میرے ماں باپ تجھ پر قربان! علی رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ کو غزوہ احد میں یہ کہتے سنا کہ کفار پر تیر اندازی کرتے رہو، میرے ماں باپ تجھ پر قربان!۔ یعنی میں اپنے ماں باپ کو پیش کرتا ہوں کہ وہ تیرے اوپر فدا ہوں اور تو محفوظ رہے۔ البتہ صحیح حدیث میں آیا ہے کہ نبی ﷺ نے غزوہ خندق کے موقع زبیر رضی اللہ عنہ کے لیے بھی اپنے والدین کے فدا ہونے کی بات کہی۔ ان دونوں احادیث کی تطبیق اس احتمال کے ساتھ ہوتی ہے کہ ہو سکتا ہے کہ علی رضی اللہ عنہ کو اس کا علم نہ ہو یا پھر ان کی مراد بطور خاص غزوہ احد کے موقع پر ہے۔

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/11195